میڈیا کوآرڈی نیٹر آفس
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

بنگلہ دیش کی راجشاہی یونیورسٹی کے عہدیداران نے کیا جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ

علم وتحقیق، اساتذہ وطلباء اور سائنس وزبان میں دونوں یونیورسٹیاں ایک دوسرے کا کریں گی تعاون

نئی دہلی (۱۴ مارچ ۲۰۱۷ء)

ملک کی معروف دانش گاہ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور بنگلہ دیش کی راجشاہی یونیورسٹی کے اعلیٰ عہدیداران کے ساتھ آج یہاں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یاسر عرفات ہال میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں دونوں ممالک کے یونیورسٹیوں کے سربراہان اور صدور نے شرکت کی۔ جس میں دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان علم وتحقیق سمیت، سائنس و تکنالوجی اور زبان وادب میں ایک دوسرے کے تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

راجشاہی یونیورسٹی کے اس وفد کی آمد کا مقصد دونوں یونیورسٹیوں کا علم وتحقیق کے میدان میں تبادلہ اور شراکت سمیت اساتذہ، طلباء اور دیگر تحقیقی کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون شامل ہے۔ اس موقع پر دونوں یونیورسٹیوں پر بنی فلم بھی دکھائی گئی۔ جس میں یونیورسٹی کا تعارف اور تاریخی پس منظر کو سمجھانے کی کوشش کی گئی۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے راجشاہی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد میزان الدین اور دیگر عہدیداران کا استقبال کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ان کی آمد کو خوش آئند قرار دیا۔ پروفیسر طلعت احمد نے کہا کہ ہمارا مقصد علم وتحقیق کو فروغ دینا اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید استوار کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی راجشاہی یونیورسٹی اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے درمیان مفاہمت کو عملی جامہ پہنانے کا یہ بہترین موقع ہے اور اس سے دونوں اداروں کے اساتذہ، طلباء کے علاوہ ثقافت وکلچر کو بھی فروغ ملے گا۔ پروفیسر طلعت احمد نے جامعہ کی جانب سے راجشاہی یونیورسٹی کو مکمل تعاون دینے کی یقین دہانی کرائی۔

راجشاہی یونیورسٹی بنگلہ دیش کے وائس چانسلر پروفیسر محمد میزان الدین نے کہا کہ ہندوستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات کافی قدیم ہیں، خود جامعہ ایک تاریخی ادارہ ہے جس کی ہندوستان میں آزادی سمیت متعدد تاریخی کارنامے رہے ہیں۔ جامعہ کے ساتھ مفاہمت کر کے ہمیں بے حد خوشی ہو رہی ہے۔ جدید تکنیک، مواصلات اور علم وتحقیق سے لیس اس ادارے سے ہمیں توقع ہے کہ بیش بہا فائدہ ہوگا اور ہماری یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلباء اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں گے۔

اس موقع پر راجشاہی یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے تقریباً آٹھ صدور نے شرکت کی۔ یہاں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بھی تقریباً تمام ہی شعبوں کے صدور اور ڈین موجود تھے۔

واضح رہے کہ دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان جون دو ہزار پندرہ میں ہی ایک مفاہمتی یادداشت پر بنگلہ دیش کی وزیر اعظم کے ساتھ سمجھوتہ ہوا تھا جب ہندوستان کے وزیر اعظم شری نریندر مودی نے بنگلہ دیش کا دورہ کیا تھا۔

جاری کردہ

میڈیا کوآرڈی نیٹر آفس

جامعہ ملیہ اسلامیہ